Maulana Azad National Urdu University

B.A / B.Com

I -Semester - March - 2023

Paper : BILU101CCT- MIL Urdu -I

گھنٹے **3** Hrs : **وقت** : Time — Maximum. Marks **70 : جملہ نشانات**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال (1)

i. ''نئی اردو قواعد'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) مولوی عبدالحق (b) عصمت جاوید (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) الطاف حسین حالی

ii. استعارہ میں کتنے ارکان ہوتے ہیں؟

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

iii. قصیدے کے اجزا کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے۔

(a) تشبیب، گریز، دعا، مدح (b) تشبیب، گریز، مدح، دعا (c) تشبیب، مدح، گریز دعا (d) گریز، دعا، صدح، تشبیب

iv. مرزا سلامت علی دبیر کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(a) دہلی (b) آگرہ (c) لکھنؤ (d) فیض آباد

v. رباعی کے لئے کتنے اوزان مختص ہیں؟

(a) 20 (b) 22 (c) 25 (d) 26

vi. ''درسِ بلاغت'' کے مصنف کی نشاندہی کیجئے۔

(a) مولوی عبدالحق (b) عصمت جاوید (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) الطاف حسین حالی

vii. قرۃ العین حیدر کو ان کے کس ناول کے لئے گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(a) گردش رنگ چمن (b) آخر شب کے ہم سفر (c) چاندنی بیگم (d) آگ کا دریا

viii. ''آمد'' کا تعلق کس صنف سخن سے ہے؟

(a) مثنوی (b) قصیدہ (c) مرثیہ (d) رباعی

ix. حبیب تنویر کے ڈرامہ ''آگرہ بازار'' میں کس شاعر کا ذکر ہے؟

(a) اکبرالہ آبادی (b) نظیر آکبرآبادی (c) شاہ نصیر (d) میر تقی میر

x. میر امن کا تعلق کس داستان سے ہے؟

(a) گنج خوبی (b) فسانہ آزاد (c) فسانہ عجائب (d) سب رس

حصہ دوم

2. صفت کی تعریف کرتے ہوئے مثالوں سے اس کے اقسام کو بیان کیجئے۔

3. درخواست نویسی پر ایک نوٹ لکھئے۔

4. تلمیح کسے کہتے ہیں مثالوں سے سمجھائیے۔

5. سابقہ اور لاحقہ میں کیا فرق ہے؟ واضح کیجئے۔

6. میر تقی میر کی مثنوی گوئی کی چند اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

7. امجد حیدر آبادی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اس پر روشنی ڈالئے۔

8. اردو داستانوں سے متعلق اظہارِ خیال کیجئے۔

9. قرۃ العین حیدر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں، بیان کیجئے۔

حصہ سوم

10. قصیدے کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالئے۔

11. ناول کے فن اور اس کے اجزائے ترکیبی کو بیان کیجئے۔

12. منٹو کا افسانہ ''جی آیا صاحب'' کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجئے۔

13. علم بیان سے کیا مراد ہے۔ اظہارِ خیال کیجئے۔

14. درج ذیل رباعی کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

کم ظرف اگر دولت و زر پا تا ہے
مانند حباب ابھر کے اتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات پر فخر خسیس
تنکا تھوڑی ہوا سے اڑ جاتا ہے

☆☆☆